یہ وقت بے داغ کلیسیا کے لیے ہے

جب خدا نے مجھے خدمت کے لیے بُلایا اُس نے مجھے بصارت میں آنے والی چیزوں کو دکھایا، جنہیں میں مسیح کے بدن پر تین بڑے نشانوں کے ساتھ آشکارہ کرونگا۔



اُس نے اُس وقت کہا،

" یہ نمونے ہیں"

یہ کتاب نشان کے بارے میں ہے جو خدا کے دل کے بہت قریب ہے۔



" نجات کی کاریگری"

1کرنتھیوں2 : 12،13

مگر ہم نے نہ دُنیا کی روح بلکہ وہ روح پایا جو خدا کی طرف سے ہے تا کہ اُن باتوں کو جانیں جو خدا نے ہمیں عنایت کی ہیں۔ اور ہم اُن باتوں کو اُن الفاظ میں بیان نہیں کرتے جو انسانی حکمت نے ہم کو سکھائے ہوں بلکہ اُن الفاظ میں جو روح نے سکھائے ہیں اور روحانی باتوں کا روحانی باتوں سے موازنہ کرتے ہیں۔

اِس کتابچے میں اِس علامت کی پہچان خداوند کی طرف سے دی گئی" روحانی چیز" کی سمجھ کے ساتھ ہے۔

منجانب مصنف:

میں "مصنف کی طرف سے "ایسا لکھ رہا ہوں کیونکہ میرے پاس لوگ تھے جنہوں نے مُجھ سے رابطہ کیا جو اِس بارے پریشان ہیں جو میں نے نجات کے متعلق لکھا۔ میں بتا سکتا تھا کہ اُنہوں نے وہ سب کچھ نہیں پڑھا جسے میں نے پیش کیا اور بہت یقینی طور پر اُنہوں نے اُن تمام گواہیوں کو نہیں پڑھا جنہیں روح القدس کی جانب سے پیش کیا گیا اُن مسائل کے طور پر جو آسمان میں 48 فیصد کھوئے جانے کا سبب بن رہے ہیں۔ **خدا نے آشکارہ کیا کہ یہاں زمین پر ایسی منسٹریز نہیں ہیں جو خواہ روایت کے وسیلہ سے یا تعلیم کے وسیلے سے اِس مسئلے کے لیے حصہ نہیں ڈال رہی ہیں۔**

ہماری کچھ غلط روایات جو رونما ہوا اُس کی گواہیوں میں پائی گئی ہیں، جیسے خداوند نے مجھے گواہی دی۔ پیشواوں کو کھُلے دلوں کے ساتھ اُس کی جانچ کرنے کی ضرورت ہے جو روح القدس عیاں کر چُکا ہے کیونکہ خدا اُن روحوں کے لیے راہنماوں کو ذمہ دار ٹھہراتا ہے جنہیں وہ چھونے کے قابل ہوتے ہیں۔ سمجھ جس میں ہم اِن روایات اور ایمان میں بڑھتے ہیں اور خداوند کے ساتھ اِن کی پرکھ نہیں کرتے۔ خدا کے ساتھ رہیے اور تلاش کیجیے کہ جو میں نے گواہی دی یہ سچ ہے۔

آپ میں سے کچھ میرے اِس طرح نڈر ہونے کے لیے اِسے میری "مضبوطی" خیال کریں گے۔ لیکن آپ آسمان پر نہیں گیے اور جہنم پر غور نہیں کیا یہ دیکھنے کے لیے کہ ایک ایماندار جو آدمیوں کی روایات اور تعلیمات کی وجہ سے وہاں ہو۔ حال ہی میں میں نڈر بنا جب خدا نے میرے ساتھ یہ بات کی، " آپ کیوں اُن لوگوں کی پریشانی کے بارے متاسف ہیں؟ اگر میں آپ کی زندِگی میں راغب نہیں ہوں آپ کی بیٹیاں اب بھی غیر نجات یافتہ ہونگی، یہ سوچتے ہوئے کہ ہر چیز ٹھیک تھی۔ میں نے تمھیں گواہی دی۔"

رائے سوزک

فہرست

 اِس کتابچے میں یہ علامات۔ مصنف کی جانب سے۔

میں نے تنگ دروازہ دیکھا۔ صفحہ نمبر 4

نجات کی رویا صفحہ نمبر 7

خدا کا مجھے آسمان پر لے جانا۔ صفحہ نمبر 9

کیوں " میرے پیچھے دہرائے جانے " کا کام نہیں ہوا؟ صفحہ نمبر 11

کیوں دعا نجات کے لیے اقرار کا ذریعہ نہیں ہے؟۔ صفحہ نمبر 12

سچے اقرار میں کیا ہے؟ صفحہ نمبر 15

بعض عزت اور بعض ذلت کے لیے۔ صفحہ نمبر 22

ہمیں مسیح کے بارے کیا اقرار کرنا ہے؟ صفحہ نمبر 24

خدا کے راغب ہونے کے بارے کیا ہے جب کوئی اُسے اُن کے دل میں ہونے کے لیے کہتا ہے؟ صفحہ نمبر 27

کب آپ کا روح نئے سرے سے پیدا ہوتا ہے؟ صفحہ نمبر 27

خداوند اُسے بیان کرتا ہے جب آپ کی روح نئے سرے سے پیدا ہوتی ہے ! صفحہ نمبر 28

اِس کی ایک اور دلیل کہ کب آپ کا روح دوبارہ پیدا ہوتا ہے ! صفحہ نمبر 29

پانی سے بپتسمہ۔ یہ کیا ہے اور یہ کیا نہیں ہے ! صفحہ نمبر 30

قُربان گاہ کے لیے کسی کا عجز و نیاز کرنا گڑھے میں گرنے جیسا ہو سکتا ہے ! صفحہ نمبر 33

خدا کی گواہیاں مجھے نجات کے متعلق صورتِ حال کی سنجیدگی کو دکھا رہی ہیں:

خدا عیاں کرتا ہے کہ مسئلہ میرے کتنے قریب تھا۔ صفحہ نمبر 36

خدا نے کہا، " مذہب" ! صفحہ نمبر 37

ایک چھوٹا بچہ پُرخول روح کے ساتھ ! صفحہ نمبر 39

کفایت کا ایک منٹ؟ صفحہ نمبر 42

کیا آپ کا نام درج ہے؟ صفحہ نمبر 45

سادگی صفحہ نمبر 46

راستی سے لفظ " نجات " کی تقسیم ! صفحہ نمبر 49

کاپی رائٹس با محفوظ منجانب رائے سوزک 1999 - 2012

لیکن آزاد مرضی سے کاپی کیجیے اور پھیلائیے۔

میں نے تنگ دروازہ دیکھا!

یسوع نے کہا،

متی: 7: 14

" کیونکہ وہ دروازہ تنگ ہے اور وہ راستہ سُکڑا ہے جو زندگی کو پہنچاتا ہے اور اُس کے پانے والے تھوڑے ہیں۔"



رات کے رویا میں ،خداوند نے مجھے پُر مسرت لوگوں کے ساتھ، گانے گاتے ہوئے خاندانوں کے ساتھ بھری ہوئی کلیسیائی بس دکھائی جو ایک شخص سے "تنگ دروازے" کی جانب اندھیرے میں ایک پہاڑ کی جانب رواں دواں تھی۔



وہ پہنچے اور، بس سے باہر نکلنے کے بعد، "تنگ دروازے" سے گزرنے کی کوشش کی، **لیکن وہ سب دور کر دیے گئے**۔ پھر وہ ڈرائیور پر اُسے اپنے مُکوں سے مارتے ہوئے جھپٹے، اور اُسے پیروں کے نیچے روندر ہے تھے۔

اک دن میں ویب پر تھا اور ایک آدمی نے اِسے میرے ساتھ بانٹا۔

یہاں چرچ میں ایک آدمی تھا، جسکے پاس جہنم میں کھڑے ہونے رویا تھا اور کسی کو نیچے آگ میں پہنچنے کو دیکھ رہا تھا، اور وہ آگ کے شعلے کی جانکنی میں گرفتار ہونا شروع ہوا۔ اُسے ایک چہرے پر غور کرنا تھا، پھر نفرت کو جانے دینا تھا ،اور ایک دوسرے شخص کو چھیننا تھا۔ پھر چرچ میں آدمی نے اُس سے پوچھا کہ وہ کیا کر رہا تھا؟ جلتا ہوا آدمی آگ بگولا ہو کر جواب دیتے ہوئے کہہ رہا تھا، " میں اُس منادی کرنے والے کو دیکھ رہا ہوں جس نے میرے ساتھ جھوٹ بولا! جس نے مُجھ سچ نہیں بتایا۔ میں جانتا ہوں کہ وہ بھی یہاں ہے، کسی جگہ۔"

یسوع نے کہا:

لوقا13: 24-27

" 24 اُس نے اُن سے کہا کہ جانفشانی کرو کہ تنگ دروازے دے داخل ہو کیونکہ میں تُم سے کہتا ہوں کہ بہتیرے داخل ہونے کی کوشش کریں گے اور نہ ہو سکیں گے۔ 25۔ جب گھر کا مالک اُٹھ کر دروازہ بند کر چُکا ہو اور تُم باہر کھڑے

دروازہ کھٹکھٹا کر یہ کہنا شروع کرو کہ اے خداوند! ہمارے لیے کھول دے اور وہ جواب دے کہ میں کو نہیں جانتا کہ کہاں کے ہو۔26۔اُس وقت تُم کہنا شروع کرو گے کہ ہم نے تو تیرے روبرو کھایا پیا اور تُو نے ہمارے بازاروں میں تعلیم دی۔27۔مگر وہ کہے گا میں تُم سے کہتا ہوں کہ میں نہیں جانتا تُم کہاں کے ہو۔ اے بدکارو! تُم سب مُجھ سے دور ہو۔"

پہلی چیز جو خدا نے مُجھ سے کہی جب اُس نے نجات کے بار مجھے سکھانا شروع کیا یہ تھی کہ

،روح کی چیزیں " چیزیں ایسی نہیں ہیں جیسے وہ دکھائی دیتی ہیں۔" میں ایک ایسا شخص تھا جس نے سوچا کہ چیزیں قابو میں تھیں، یہ چیزیں بنیادی طور پر بالکل ٹھیک تھیں جب یہ چرچ آئیں۔ میں نے "روح کی چیزوں" کو نظر انداز کرنا جاری رکھا جیسا کہ جب خدا نے مجھے دکھایا جو تنگ دروازے پر رونما ہو رہا تھا۔ میں نے ایسا تقریباً تین سالوں تک کیا، بالخصوص کیونکہ، اگر میں قبول کرتا جسے خداوند مجھے اپنے روح کے وسیلہ سے دکھا رہا تھا، **مجھے اِس کے ساتھ برتاو کرنا تھا۔** میں محض وہاں خداوند کو رکھنے کے قابل نہیں تھا جہاں میں اُسے چاہتا تھا اور اپنی زندگی کے ساتھ جاری رہنا چاہتا تھا۔ میں نے یہ رویا آپ کے ساتھ بانٹا کیونکہ، **" چیزیں ایسی نہیں ہیں جیسے یہ کلیسیاوں (چرچوں) میں نظر آتی ہیں"۔**

رویا میں آدمی جو بس چلا رہا تھا راہنماوں کی نمائندگی کرتا ہے، نہ کہ محض پاسٹرز یا مبشرانِ انجیل کی، جو قانونی، درست طریقے کو نہیں سمجھتے جس سے کوئی نجات یافتہ بنتا ہے۔ ی ہ **شخص اندھیرے میں یسوع پر ایمان رکھتا اور محبت کرتا ہے۔** وہ مسافروں کے ساتھ گا رہا تھا۔

رویا یہ ہے کہ **خدا ہمیں دو سچائیوں کو دکھا رہا ہے۔** ایک، کہ یہاں **کلیسیاوں (چرچوں) کی تعلیمات میں مسئلہ ہے** جو بائبل میں پیش بین تھا۔ دوسرا، وہ رستہ جس کے ذریعے **تنگ دروازہ حد سے زیادہ آسان ہے۔**

اگر آپ تصویر پر غور کرتے ہیں، یہاں تنگ دروازہ کھُلنے میں کوئی دروازہ نہیں ہے، جیسے کہ یہاں گزرگاہ کے کھُلنے میں کوئی دروازہ نہیں تھا روح القدس نے مجھے دکھایا جو دروازے

کا نمائندہ کار تھا کہ کسی ایک کو نجات سے اپنی زندگی میں داخل ہونے کے لیے یہاں سے گزرنا ہے۔ میں اِس دروازے کو دوبارہ مضمون **" کیوں" میرے بعد دہرائے جانے" کا کام نہیں ہوا۔"** میں ذکر کرونگا لیکن اِسے یہاں بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

یہ ایک گزرگاہ تھی جو کہ پتھر یا کنکریٹ کی بنی ہوئی دیوار تھی۔ یہ کم از کم 3-4 فٹ موٹی دیکھائی دیتی تھی۔ جیسے میں نے اِس دیوار کے کھُلے ہونے کے ساتھ غور کیا، میں جانتا تھا کہ ایک ایٹمی بم اِس دروازے کو یا دیوار کو تبدیل نہیں کر سکتا تھا۔ آپ یا میں اِس رستے کو تبدیل نہیں کر سکتے، یا اُس رستے کو جس کے وسیلہ سے جس پر ہم ایمان رکھتے ہیں جسے خدا نے ابدی زندگی کے لیے نجات کو حاصل کرنے کے لیے مقرر کیا تھا۔ دروازے کو میں نے دیکھا، اور تنگ دروازہ(علامتی طور پر) اُس رستے کی نمائندگی کرتا ہے جسے خدا معین کر چُکا ہے۔ دونوں" روح کی چیزیں" ہمیں واضح طور پر سکھاتی ہیں راستہ آسان ہے۔ ہمارے حصے کی جانب سے کوئی "کام" شامل نہیں ہیں جب یہ ابدی نجات تک پہنچتا ہے کیونکہ یہاں کھُلنے کا دروازہ اور راستہ نہیں ہے۔ اگر ہمیں دروازہ یا راستہ کھولنا تھا، ہمیں کام کرنا تھا۔ کام کرنے کا تعلق کسی چیز کو مادی طور پر کرنا، کسی چیز کو تبدیل کرنا، وغیرہ ہے۔(ایک تعریف صلاح دیتی ہے کہ اگر آپ سارا دن کسی طرح دیوار کو اِس پر بغیر کسی اثر کے دھکیلتے ہیں، آپ نے کام نہیں کیا۔)

میں آپ کی توجہ کو یہاں لا چُکا ہوں کہ تنگ دروازے کو کھولنے کے لیے یہاں دروازہ نہیں ہے کیونکہ جیسے آپ اِن مضامین کے ذریعے پڑھتے ہیں جن کا تعلق نجات کے ساتھ ہے، تو آپ بھی سمجھ سکتے ہیں کہ کیوں یہاں تنگ راستے میں دروازہ نہیں ہے، آپ کے لیے کوئی" کام" دروازے سے گزرنے کو نجام نہیں دیتے۔ آپ سمجھ سکتے ہیں کہ سچا اعتراف ایک کام نہیں ہے بلکہ چھٹکارہ، قبول کرنا ہے۔

رویا میں، دروازے کی دوسری جانب ایک شخص بھی تھا جو اِن لوگوں کو کلیسیائی بس سے دور کر رہا تھا۔ میں آپ کی توجہ اِس جانب لا رہا ہوں جو یسوع نے اِس کے ساتھ موازنہ کرتے ہوئے **لوقا13 : 24-27** میں کہا جو رویا کو آشکارہ کرتا ہے۔

24۔ اُس نے اُن سے کہا کہ جانفشانی کرو کہ تنگ دروازے دے داخل ہو کیونکہ میں تُم سے کہتا ہوں کہ بہتیرے داخل ہونے کی کوشش کریں گے اور نہ ہو سکیں گے۔

کلیسیائی بس میں لوگ اوپر جانے کی طرف مائل تھے(داخل ہونے کی تلاش کریں گے) داخل ہونے کے لیے اور مڑ گئے۔ بس پر سوار لوگ بااختیار شخص (گھر کے مالک) کی طرف سے موڑ دیئے گئے تھے۔

۔25۔ جب گھر کا مالک اُٹھ کر دروازہ بند کر چُکا ہو اور تُم باہر کھڑے دروازہ کھٹکھٹا کر یہ کہنا شروع کرو کہ اے خداوند! ہمارے لیے کھول دے اور وہ جواب دے کہ میں کو نہیں جانتا کہ کہاں کے ہو۔

ذہن میں رکھیے کہ رویا ہمیں واضح طور پر دکھاتا ہے کہ یہ "ایماندار" ہیں، چرچ جانے والے لوگ، اور راہنما ہیں، جہیں خارج کر دیا گیا تھا۔ اب، اُس پر غور کیجیے جو یسوع لوگوں سے کہتا ہے اُن سے جنہیں خارج کر دیا گیا تھا۔

26۔ اُس وقت تُم کہنا شروع کرو گے کہ ہم نے تو تیرے روبرو کھایا پیا اور تُو نے ہمارے بازاروں میں تعلیم دی۔

جب میں آسمان پر تھا، میں نے ایک ایماندار کو جہنم میں دیکھا جو پاک شراکت لے چکا تھا(تیرے روبرو کھایا اور پیا) ۔ ہمارے بازاروں میں ے تعلیم دی یہ قابل سمجھ ہے کیونکہ کلیسیا کا نشان ایک شہر کے طور پر ہے۔ یہ واضح ہے کہ آیت 25 میں باہر نکالے گئے لوگ جانتے تھے کہ یسوع کون ہے کیوں کہ اُنہوں نے کہا،(اے خداوند خدا! ہمارے لیے کھول دے) **اور سوچ کہ اُنہیں اندر جانے دینا چاہیے**، جیسے تنگ دروازے کا رویا بس میں لوگوں کے گانے اور بہتر وقت رکھنے سے ذریعے اِسے عیاں کرتا ہے۔ **وہ جانتے تھے کہ وہ کہاں جارہے تھے۔** غور کیجیے اُنہوں نے دروازہ کھٹکھٹایا، دروازے پر نہس، اِس سمجھ میں کہ یہاں راستے میں دروازہ نہیں ہے، نہ ہی گزرگاہ کا دروازہ ہے۔ یسوع پھر 27 آیت میں عیاں کرتا ہے کہ کیوں وہ اندر داخل نہیں ہوئے، بدکاری کی وجہ سے۔ بدکاری کا تعلق لاقانونیت کے ساتھ ہے۔ جس سے وہ قاصر تھے یہ قانونی داخلہ تھا ! ہمیں یہ پوری طرح ذہن نشین کرنا ہے کہ تنگ دروازے کا راستہ قانونی راستہ ہے، یہ تنگ ہے، **لیکن بے حد آسان**۔ اقتباسات، **لوقا 13: 24-27** ، تصویر کو رویا کی رنگ کی ہوئی تصویر کے مساوی رنگ کرتے ہیں۔ جیسا کہ آپ مندرجہ ذیل مضامین میں پڑھتے ہیں، آپ درست طریقے سے اِسکو سمجھیں گے اور یہ کہ کیوں یہ اِتنا آسان ہے۔ میں آپ کو دھوکے کی جگہ کے ساتھ ساتھ درست راستہ بھی دکھاوں گا جیسے خداوند نے اُنہیں مجھے دکھایا۔

نجات کی رویا

یہاں نجات کی رویا کی گواہی ہے جسے خدا نے مجھے دیا اور اس کے گردوپیش واقعیات کو۔

یہ اُس وقت کے دوران ابتدا تھی جب مجھے خدمت کے لیے بُلایا گیا اور میں نے اپنی بیوی کو بچانے کے لیے خداوند سے کہا ۔ پیچھے دیکھتے ہوئے، میں جانتا ہوں کہ کُہنی سے اشارہ روح القدس کی طرف سے آیا۔ کیونکہ چند وجوہات کے لیے میں اپنی بیوی کی نجات کے لیے مشکوک تھا۔ میں نے کہا، اے خداوند، میری بیوی کو بچا۔ میں نہیں جانتا کہ آیا کہ وہ نجات یافتہ ہے یا نہیں، لیکن اے خداوند، میں اُسے بچانے کے لیے تُجھ سے پوچھ رہا ہوں۔ اگر یہاں کوئی وجہ ہے وہ جہنم میں جائے گی، مجھے اُس کی جگہ لینے دیجیے تاکہ وہ زندہ رہ سکے!" میرا اِس کے لیے مطلب پورے دل کے ساتھ ہے۔ میں نے اپنے

اوپر آتے ہوئے امن کو محسوس کیا اور میں محض جانتا تھا کہ اِسے بالکل درست ہونا تھا۔ میں جانتا تھا کہ اِسے سرانجام دیا گیا تھا!

اُس رات میری بیوی اور میں اپنے چرچ پاکشراکت کے لیے گئے۔ اِسے ہم دونوں کے لیے بہت مختلف اور معنی خیز طور پر کیا گیا۔ اگلی صبح میرے پاس رویا تھی۔

میں نے اپنی بیوی کو اپنے سامنے کھڑے ہوئے دیکھا اور ہم ہاتھوں کو پکڑے ہوئے تھے۔ میں سے اُسے مندرجہ ذیل سوالات پوچھے۔

" گزشتہ رات جب تُم نے روٹی کھائی، کیا تُم نے ایمان رکھا کہ یہ زندگی کی روٹی ہے؟ اُس کا جواب تھا، "جی ہاں"۔

" جب تُم نے مے کو پیا، کیا تمہارا ایمان تھا کہ یہ یسوع کو خون تھا، اور یہ کہ وہ تمہارے لیے مرا؟" اُس کا جواب تھا، " جی ہاں"۔

جیسے کہ تُم نے میرے سامنے اِس کا اقرار کیا، ایک دوسرے شخص، اپنے خاوند کے لیے، تُم بچائے گئے ہو۔"

میں نے اُسی صبح، رویا میں اُس سے پوچھے گئے سوالات کے ذریعے اُس کے ساتھ اپنے رویا کہ تدوین کی۔ اُس کے تمام سوالات تصدیقی تھے، بالکل جیسے خداوند نے آشکارہ کیے تھے کہ وہ ہونگے۔

یہاں حقیقتیں ہیں جنہیں رویا عیاں کرتا ہے۔

1۔) خداوند اُسے جانتا تھا جو میری بیوی نے اپنے دل میں ایمان رکھا تھا اور اِسی لیے وہ اُس کے جوابات جانتا تھا۔
2۔) خدا نے اِسے واضح کیا کہ ہمارے ایمان کا اقرار کسی دوسرے شخص کے لیے ہے، خدا کے لیے نہیں۔
3۔) خدا نے اِسے واضح کیا کہ وہ میرے ساتھ، اپنے خاوند کے ساتھ اپنے ایمان کے اقرار کے لمحے سے پہلے نجات یافتہ نہیں تھی، اگرہ اُس نے اپنے دل سے ایمان رکھا تھا۔
4۔) خدا نے اُسے اُس کی جانب سے مجھے اقرار کا خاکہ بنانے سے نجات دی۔

رویا رکھنے اور اِس کی تدوین کرنے کے بعد میں سادہ طرح رویا کے مواد کی وجہ سے جانتا تھا کہ میری بیوی نجات یافتہ تھی۔ کچھ دنوں بعد میری بیوی میرے پاس آئی اور مجھے میری طرح اپنے لیے بائبل خریدنے کے لیے کہا، اب اُس

کے لیے دھات کے کھلونے کی مانند دکھائی دیتے ہوئے۔ وہ ہمیشہ اپنی خوشخبری (گڈ نیوز) کو نئے شخص کے لیے استعمال کرتی تھی۔ وہ پہلے مجھے بتا چکی تھی کہ یہ صرف ایک تھا جسے وہ سمجھ سکتی تھی۔ یہ اندرونی تبدیلی کا پہلا بیرونی نشان تھا۔ بعد ازاں خداوند نے میرے لیے تصدیق کی کہ وہ نجات یافتہ تھی کیونکہ اُس کا نام اور اظہارِ وجوہ غائب ناموں کے ساتھ کتاب میں تھا۔ آپ اِسے مضمون " کیا آپ کا نام لکھا ہے "؟، میں پڑھیں گے۔

خدا کا مجھے آسمان پر لے جانا

جیسا کہ آپ پڑھتے ہیں مجھے یقین ہے کہ آپ دیکھیں گے کہ کیوں اِس تجربے نے میری زندگی کو تبدیل کیا۔ مجھے آسمان پر لیجایا گیا تھا، بالخصوص کیونکہ میں نجات کے رویا کے معنی کو نہیں سمجھا تھا۔

آسمان :- 

خداوند نے نہیں پوچھا کہ اگر میں جانا چاہتا تھا، لیکن اچانک میں نے اپنے آپ کو آسمان پر پایا۔ میرے وہاں تیسرے دن پر تماشاگاہ (منظر) کھلا۔ مجھے وہاں چہل قدمی کرنا تھی جنہیں مجھے بادل کہنا تھا، میری گھٹنوں سے اوپر، تین دنوں کے لیے آسمان کی تلاش کرتے ہوئے۔ مجھے یہاں اور وہاں جاری " مُلاقاتوں " کو دیکھنا یاد ہے جب میں چل پھر رہا تھا۔ میں نے محسوس کیا کہ میں نے اپنی بیوی کو نہیں دیکھا جسے میں جانتا تھا کہ وہاں ہونا چاہیے۔ میں اپنی بیوی کے لیے بہت محبت رکھتا تھا اور حیران ہو رہا تھا کہ جو اُس نے وہاں ہونے کے بارے سوچا تھا۔ میں نے پاس سے گزرتے ہوئے شخص سے پوچھا کہ اگر میں خداوند کو دیکھ سکتا ہوں۔ اوہ جلدی سے آیا، تقریباً فوراً، اور میری دہنی طرف کھڑا ہو گیا۔ میں نے خداوند سے پوچھا کہ میری بیوی کہاں تھی، اُس سے یہ اُمید کرتے ہوئے کہ وہ مجھے اُسے دکھانے کے لیے آسمان میں کسی جگہ لے جائے گا۔ اِس کی بجائے، اُس نے اپنے دہنے ہاتھ کو دائیں سے بائیں ہلایا، اور آسمان کی تہہ کھل گئی۔ خداوند نے کھُلنے کی طرف اشارہ کیا۔ نیچے جھکتے ہوئے، میں نے اپنی بیوی کو جہنم میں دیکھنے کے لیے ایک کنارے سے اُس کی طرف جھانکا۔ میں فوراً بے بس ہو گیا تھا۔ اوپر اُٹھتے ہوئے، چِلاتے ہوئے، میں نے خداوند کا سامنا کیا، نشاندہی کرتے ہوئے اور کہتے ہوئے کہ، " جایئے اُسے لے آیئے۔ "

اُس نے کہا، " میرا کلام کیا کہتا ہے ؟ "

میں اپنے ذہن کو جھنجھوڑ رہا تھا، اقتباس کو سوچنے کی کوشش کرتے ہوئے۔ چِلاتے ہوئے، میں نے بِت تامل کہہ دیا، " کہ آپ کا کلام کہتا ہے کہ اگر تُو ایمان لائے، تو تُو اور تیرا گھرانی نجات پائے گا! (اعمال 16 : 30) خداوند، جایئے اُسے لے آیئے! "

خداوند نے دوسری مرتبہ کہا۔" میرا کلام کیا کہتا ہے؟" میں نے کہا،" اے خداوند میں نہیں جانتا، میں منادی کرنے والا نہیں ہوں۔" میں دوبارہ اپنے ذہن کو جھنجھوڑ رہا تھا،" اے خداوند کیوں وہ اُسے لینے کے لیے نہیں جاتا؟" دوبارہ جہنم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے، میں نے بے تامل کہہ دیا،"" رومیوں۔جی ہاں رومیوں: اگر تُو اپنے دل سے ایمان رکھے اور اپنے منہ سے خداوند کا اقرار کرے تو تُو نجات پائے گا! وہ ایمان رکھتی ہے، جایئے اُسے لے آیئے!" میں خداوند کے چہرے پر سے بہتے ہوئے آنسوؤں کو دیکھا جب اُس نے کہا،" لیکن میں نے کیا کہا؟"

ہم گھٹنوں کے بل آنسوؤں میں کھڑے تھے۔وہ آسمان سے گر رہے تھے جہاں خداوند اِسے علیحدہ کر چُکا تھا۔تب خداوند نے کہا،" آپ واپس جایئے اور اُنہیں بتایئے کہ یہی ہے جسے رونما ہونا تھا اگر تُم اور تمہاری بیوی پہلے مارے جا چکے تھے ----"

خداوند کے اپنے جُملے کو ختم کرنے سے پہلے میں زمین پر تھا۔وہ جانتا تھا کہ میں سمجھ گیا تھا جس بارے وہ بات کر رہا تھا: پہلے--- میں رویا کے بارے جسے خداوند مجھے میری بیوی کے متعلق نجات کے بارے دے چُکا تھا دوین کر چُکا تھا۔
خداوند نے فوراً مجھے اِس کے لیے لیا:

متی 10 : 32

32۔پس جو کوئی آدمیوں کے سامنے میرا اقرار کرے گا میں اپنے باپ کے سامنے جو آسمان پر ہے اُس کا اقرار کرونگا۔"

یہ ایک عہد کا وعدہ ہے اور ایسا کہنا عیاں کرتا ہے کہ کیسے آپ اُس کے وسیلہ ابدی زندگی کو حاصل کرنے کرتے ہیں۔

لوقا 6 : 47۔49

47۔جو کوئی میرے پاس آتا ہے اور میری باتیں سُن کر اُن پر عمل کرتا ہے میں تُمیں جتاتا ہوں کہ وہ کس کی مانند ہے
۔48۔وہ اُس آدمی کی مانند ہے جس نے گھر بناتے وقت زمین گہری کھود کر چٹان پر بنیاد ڈالی جب طوفان آیا اور سیلاب اُس گھر سے ٹکرایا تو اُسے ہلا نہ سکا کیونکہ وہ مضبوط بنا ہوا تھا۔49۔ لیکن جو سُن کر عمل میں نہیں لاتا وہ اُس آدمی کی مانند ہے جس نے زمین پر گھر کو بے بنیاد بنایا، جب سیلاب اُس پر زور سے آیا تو وہ فی الفور گر پڑا، اور وہ گھر بالکل برباد ہوا۔"

میری بیوی نے متی 10 : 32 کے ایسا کہنے کو نہیں سُنا تھا، نہ ہی اُنہوں نے جو اُس کے چوگرد تھے جنہوں نے اُس کی ایسا کرنے کی راہنمائی کی جو یہ کہتی ہے۔ اُس کا گھر ریت پر بنا تھا، نہ ہی چٹان پر جیسے یسوع کہتا ہے کہ ایسے ہونا چاہیے۔" چٹان" جس کے بارے یسوع بات کر رہا ہے یہ اُس کا "معقولہ" ہے کہ آپ کو گھر رکھنے کے لیے ایسا کرنا ضرور ہے جو کھڑا ہو، یہاں زمین پر اور جب آپ آسمان میں داخل ہوتے ہیں۔خداوند نے ایسا کلیسیا کے متی 10 : 32 کو سمجھنے کی کمی

کہ وجہ سے اِسے مُجھ پر عیاں کیا، کہ میری بیوی کو واقعی مارا جانا تھا، اُسے برباد ہونا تھا(۔۔۔وہ گھر بالکل برباد ہوا)، **اُسے جہنم میں جانا تھا!**

آپ کا گھر وہ ہے جو آپ ایمان رکھتے ہیں۔ایک گھر وہ ہے جہاں آپ محفوظ ہونے کو محسوس کرتے ہیں اور گھر پر ہونے کو۔ کیاآپ کا اعتقاد محفوظ ہے؟ میری بیوی کا نہیں تھا، اُس کے لیے اجنبی یا ہم میں سے کسی کے لیے۔ اُس کا ایمان تھا، اور وہ اُس کے ساتھ بہت تسلی بخش تھی جو اُس کا ایمان تھا۔ کیا وہ واقعی 1980 سے پہلے ماری جا چکی تھی، اُسے اب جہنم میں ہونا تھا اور اُن سب کو جنھوں نے ایمان رکھا کہ وہ آسمان پر تھی **وہ غلط تھے**۔آپ انتظار کرنے کی گنجائش نہیں نکال سکتے اور اِس کی تلاش کر سکتے اگر آپ کا ایمان درست ہے۔آپ کے مرنے کے بعد اس کی درستگی کے لیے بہت دیر ہو جاتی ہے۔

کیوں" میرے پیچھے دہرائے جانے " کا کام نہیں ہوا؟

میں آپ سے چاہتا ہوں کہ آپ اِن الفاظ کو اونچی آواز سے دہرایے، **" فریڈ کا مچھلیوں کا فارم "** یہ الفاظ کہاں سے آئے؟ کیا یہ آپ کی جانب سے آئے؟ نہیں، یہ میری طرف سے آئے۔ آپ دیکھیے، تمام الفاظ جو ہم کہتے ہیں ہماری طرف سے نہیں آتے۔میرے پیچھے دہرایئے، **" میرا ایمان ہے کہ یسوع خدا کا بیٹا ہے۔"** یہ الفاظ پھر " فریڈ کے مچھلی فارم " کی بجائے مزید آپ کے نہیں تھے۔ ہمارا ذاتی ایمان کا اعلان یا اقرار یقیناً ہم میں سے آتا ہے، نہ کہ کسی اور سے۔

جب خداوند نے میرے ساتھ اِس بارے بات کی اُس نے مجھے ایک دروازہ دکھایا۔(روح کی چیزیں) رویا میں میں جانتا تھا کہ یہ دروازہ حرکت کرنے کے قابل نہیں ہے۔ خداوند نے کہا، " یہ دروازہ ایک شخص کے لیے ہے " میں نے دروازے کو دیکھنا جاری رکھا اور اُس نے دوبارہ کہا، " یہ دروازہ ایک شخص کے لیے ہے۔" رویا اُس وقت تک ختم نہ ہوا جب تک میں یہ نہ سمجھا کہ ایک ہی وقت میں دو لوگ دروازہ سے گزرنے کی کوشش کر رہے تھے، اور ایسا نا ممکن تھا۔

یسوع دروازہ ہے اور ایک شخص کو نجات یافتہ بننے کے لیے اُس کے ذریعے جانا ہے۔ جب ایک شخص کی اُن الفاظ کو دہرانے کے وسیلہ سے اقرار کرنے کے ذریعے راہنمائی ہوتی ہے، الفاظ نہیں وہ دہرا رہے ہیں اُن کے الفاظ نہیں ہیں بلکہ اُس شخص کے جو اُنکی راہنمائی کر رہا ہے۔(دو اشخاص ایک ہی وقت میں دروازہ سے گزرنے کی کوشش کر رہے ہیں) آپ کسی دوسرے کے اقرار کو دہرانے سے نجات یافتہ نہیں بن سکتے ہیں۔**آپ صرف اُسے قائم کر سکتے ہیں جس پر آپ کا ایمان ہے**، کسی دوسرے پر نہیں۔

اعمال 8 : 35۔37 میں، فلپس نے خواجہ سرا کے لیے یسوع کی منادی کی اور اُس نے یقین کیا کہ وہ بپتسمہ لینے سے پہلے اپنے منہ سے اقرار کرے۔35۔ فلپس نے اپنی زبان کھول کر اِسی نقشتہ سے شروع کیا اور اُسے یسوع کی خوشخبری دی

36۔اور راہ میں چلتے چلتے کسی پانی کی جگہ پر پہنچے۔خواجہ نے کہا دیکھ پانی موجود ہے۔اب مجھے بپتسمہ لینے سے کونسی روکتی ہے؟37۔(پس فلپس نے کہا کہ اگر تُو دل و جان سے ایمان لائے تو بپتسمہ لے سکتا ہے۔اُس نے جواب میں کہا میں ایمان لاتا ہوں کہ یسوع مسیح خدا کا بیٹا ہے)۔" [یہی ہے جہاں خواجہ سرا نے اپنی آزاد مرضی کے ساتھ جواب دیا] اور اُس نے جواب دیا اور کہا" میں ایمان لاتا ہوں کہ یسوع مسیح خدا کا بیٹا ہے، یہاں میرے بعد دہرایا جانا نہیں ہے! فلپس درست رستے کو جانتا تھا،لوگوں میں سے ایمان کا اقرار کرنا یہی ہے تاکہ اُن کا اپنا اقرار ہو۔

آخر پر، کچھ اِس طرح پوچھیے،" کیا آپ ایمان رکھتے ہیں کہ یسوع آپ کے گناہوں کے لیے مرا اور یہ کہ خدا نے اُسے مرِدوں میں سے زندہ کیا؟ ہاں، یا نہیں؟" اُنہیں انتخاب کرنے دیجیے یا اُنہیں انتخاب کرنے کے لیے وضع کیجیے! جب ایک شخص" ہاں" یا " نہ" کے درمیان انتخاب کرتا ہے! وہ اِن الفاظ کے مطلب کو قائم کر رہے ہوتے ہیں یا اِن کا انکار کر رہے ہوتے ہیں(کیا آپ ایمان رکھتے ہیں کہ یسوع آپ کے گناہوں کے لیے مرا اور یہ کہ خدا نے اُسے مرِدوں میں سے زندہ کیا؟) اُن کے ایمان کے طور پر۔

"میرے پیچھے دہرایا جانا کام نہیں کرتا!" کتاب میں سے اقرار کو دہرانا یا کسی دوسرے ذریعے سے ایسا کرنا، یہ آپ کے اعتقاد کو قائم نہیں کرتا کیونکہ یہ سادہ طرح آپ کے الفاظ نہیں ہیں ۔ یہ مصنف کے الفاظ ہیں۔نہ یسوع نے، نا ہی شاگردوں نے، کبھی" میرے پیچھے دہرایا" ۔ بہر حال، یسوع ہمیشہ لوگوں سے ایمان کا اقرار کراتے تھے۔(خداوند کی دعا کو نمونے کے طور پر دیا گیا تھا، میرے پیچھے دہرائے جانے کی دعا کے طور پر نہیں۔)

کیوں دعا نجات کے لیے اقرار کرنے کا ذریعہ نہیں ہے؟

پہلے ہمیں نمونے، اصول کو دیکھنے کی ضرورت ہے، جسے خدا کے عہد کے وعدوں میں ترتیب دیا گیا ہے۔متی 16 : 19 میں یسوع پطرس کو آسمان کی بادشاہت کی کُنجی دے رہا ہے۔دوسرے الفاظ میں، کُنجی، نمونہ کیا ہے، کہ کیسے ہم چیزوں کو قائم کرتے ہیں اور کیسے خداوند کی طرف آسمان کی طرف بڑھتے ہیں؟ یسوع پطرس کو کہتا ہے،" میں آسمان کی کُنجیاں تُجھے دونگا اور جو کچھ تُو زمین پر کھولے گا وہ آسمان پر کھُلے گا اور جو کچھ تو زمین پر بند کرے گا وہ آسمان پر بند ہوگا۔" نمونہ یہ ہے کہ،" ہم زمین پر کسی چیز کو قائم کرتے ہیں اور جو ہم نے زمین پر قائم کیا تھا اُسے خدا آسمان پر تحریک دیتا ہے۔"

یسوع نے متی6: 14اور15میں کہا، " اس لیے کہ اگر تُم آدمیوں کے قصور معاف کروگے تے تمہارا آسمانی باپ بھی تُم کو معاف کرے گا۔15۔اور اگر تُم آدمیوں کے قصور معاف نہ کروگے تو تمہارا باپ کبھی تمہارے قصور معاف نہ کرے گا۔" یہاں ہم بالکل اُسی نمونے کو دیکھتے ہیں اور یہاں ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ جو ہم قائم کر رہے ہیں اِسے آدمیوں کے ساتھ قائم کیا گیا ہے! کرنیلیس نے(اعمال10) میں زمین پر راستبازی کی مشق کی اور یہ عمل آدمیوں کے لیے تھا۔اِس عمل اور خدا کے خوف نے آسمان میں **خدا کے سامنے یادگاری** کو پیدا کیا، اُس نے خدا کو تحریک دی کیونکہ جو اُس نے زمین پر کیا تھا۔ فہرست آگے بڑھ سکتی تھی۔

پس ہم اپنے ایمان کے اقرار سے متعلق اُسی نمونے پر آتے ہیں۔ یسوع نے کہا کہ باپ تک پہنچنے کا صرف وہی ایک راستہ ہے۔ دوسرے الفاظ میں، ہمیں یقیناً اُسی کے وسیلہ سے باپ تک پہنچنا ہے۔ یسوع نے بالکل اِسی نمونے پر مشتمل وعدہ کیا کہ کیسے ہم آسمان میں کسی چیز کو قائم کرتے ہیں اور اس میں اُسے شامل کرتے ہیں۔ یہاں یسوع کے عہد کا وعدہ ہے،

" پس جو کوئی آدمیوں کے سامنے (جانب سے، پر، خلاف) میرا اقرار (اعلان) کرے گا میں بھی باپ کے سامنے (جانب سے، پر، خلاف) جو آسمان پر ہے اُس کا اقرار (اعلان) کرونگا۔"

ہم زمین پر آدمیوں کے ساتھ بالکل اِسی نمونے کے قائم کرنے کو دیکھتے ہیں اور یہ استحکام آسمان پر خداوند کو تحریک دیتا ہے۔ اس طرح ایک شخص زمین پر دوسرے شخص کے لیے اپنے اعتقاد کو بنا کر رکھتا ہے اور اُسی وقت یسوع اُس شخص کے ایمان کا خداوند کو اعلان کرتا ہے۔ یہ خدا کا قانونی طریقہ ہے، اُس کے اپنے بیٹے کے وسیلہ سے۔ جب ہم اِسے اِس طرح کرتے ہیں ہم خدا کے ساتھ عہد میں آرہے ہوتے ہیں خدا کے ساتھ اس بات پر متفق ہوتے ہوئے کہ اُس نے انسانوں کو بچانے کے لیے اپنے بیٹے کو بھیجا۔

جب ہم دعا کے وسیلہ خداوند کے ساتھ اپنے ایمان کو قائم کرنے، یا اقرار کرنے کی کوشش کرتے ہیں، ہم یسوع کے عہد کے وعدہ کے ضمنی رستہ سے گزرنے کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں۔ ہم اپنے ایمان کو یسوع کے ہمارے لیے آسمان پر قائم کرنے کی بجائے بذاتِ خود قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں۔ ہم اپنے طور پر، آسمان پر براہِ راست کسی چیز کو قائم نہیں کر سکتے۔ ہم اپنے اعمال کے وسیلہ سے زمین پر چیزوں کو قائم کرتے ہیں اور " جو ہم زمین پر ((ہماری ریاست) قائم کرتے ہیں" وہ، اُسی وقت آسمان پر (خدا کی ریاست) قائم ہوتا ہے۔

" نجات کی دعا" کو بہت سے ایمانداروں سے استعمال کیا گیا ہے، یہ انسان کا خیال ہے۔ آپ اِسے کلام میں نہیں پائیں گے، یا اِسے کسی شاگرد یا کسی اور کی طرف سے کلام میں استعمال نہیں کیا گیا۔ جگہ جہاں آپ اِسے پاتے ہیں یہ آدمی کی ہدایات ہیں، جو صفحات کے نیچے دی گئی ہیں، اور چند بائبلوں میں بہت سی دوسری جگہوں پر۔ پولس نے کہا کہ اگر کوئی اُس کے علاوہ کسی تعلیم کو سکھاتا ہے وہ غلط ہے۔ رومیوں 10 : 6۔13 میں پولس نجات یافتہ بننے کے لیے ہمارے ایمان کے کام کرنے کی کاریگری کو سکھاتا ہے۔ نمونے کو یاد رکھیے!

وہ ہمیں بے ایمان نہ ہونے کو بتاتے ہوئے شروع کرتا ہے، کہ ہم اپنی ذمہ داری پر مسیح کی طرف بڑھ سکتے ہیں۔ 6۔ مگر جو راستبازی ایمان سے ہے وہ یوں کہتی ہے کہ تُو اپنے دل میں یہ نہ کہہ کہ آسمان پر کون چڑھے گا؟ (یعنی مسیح کے اُتار لانے کو)۔ 7۔ یا گہراو میں کون اُترے گا؟ (یعنی مسیح کو مرِدوں میں سے جِلا کر اوپر لانے کو)۔"

پھر یہ آشکارہ کرتی ہے کہ کیسے! 8۔ بلکہ کیا کہتی ہے؟ یہ کہ کلام تیرے نزدیک ہے بلکہ تیرے منہ اور تیرے دل میں ہے ۔ یہ وہی ایمان کا کلام ہے جسکی ہم منادی کرتے ہیں۔۔ 9۔ کہ اگر تُو اپنی زبان سے یسوع کے خداوند ہونے کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خدا نے اُسے مرِدوں میں سے جِلایا تو تُو نجات پائے گا۔"

پھر وہ " کیونکہ " کے ساتھ جو اُس نے کہا اُس کی سمجھ دیتا ہے۔

10۔ کیونکہ راستبازی کے لیے ایمان لانا دل سے ہوتا ہے اور نجات کے لیے اقرار منہ سے کیا جاتا ہے" اُس نے محض ایمان کے عمل کی وضاحت کی، جو ایک شخص کے ایمان کا حتمی بیان ہے۔ایمان راستبازی گنا جاتا ہے لیکن نجات منہ سے اقرار کرنے کے وسیلہ سے آتی ہے۔خدا نے مجھے دکھایا کہ وہ شخص جسے میں نے جہنم میں دیکھا اپنے دل سے ایمان رکھتا تھا لیکن منہ سے اقرار نہیں کیا تھا جو وہ دوسرے شخص کے لیے ایمان رکھتے تھے!

11۔ کیونکہ کتابِ مقدس یہ کہتی ہے کہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے گا وہ شرمندہ نہ ہوگا۔" اُس نے کہا ہمیں دوسرے شخص کے لیے اپنے ایمان کا اعلان کرنے کے لیے شرمندہ نہیں ہونا۔یہاں خود خدا کے لیے اپنے ایمان کا اقرار کرنے میں شرمندہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔آپ کھُلے عام خدا کے ساتھ بات کر سکتے ہیں جہاں کوئی آپ کو نہ سُن سکتا ہو۔ لیکن یہاں اپنے ساتھی انسان کے لیے اپنے ایمان کا اقرار کرنے میں شرمندہ ہوتے ہوئے مسئلہ ہو سکتا تھا۔

12۔ کیونکہ یہودیوں اور یونانیوں میں کچھ فرق نہیں اِس لیے کہ وہی سب کا خداوند ہے اور اپنے سب دعا کرنے والوں کے لیے فیاض ہے۔" اُس نے ہر ایک کو، ہر قوم کو، ہر گنہگار کو کہا، کوئی مسئلہ نہیں کہ گناہ کیا تھا، وہ نجات یافتہ بن سکتا ہے۔وہ اُن کی خاطر خدا کے سامنے آگے بڑھے گا اگر وہ خدا کی مرضی کو بجالائیں گے، جو کہ زمین پر آدمیوں کے سامنے اُس کے بیٹے کا اعلان کرنا ہے۔

یسوع نے لوقا 6 : 47-48 میں کہا، 47۔جو کوئی میری پاس آتا اور میری باتیں سُن کر اُن پر عمل کرتا ہے میں تُمہیں جتاتا ہوں کہ وہ کس کی مانند ہے۔48۔وہ اُس آدمی کی مانند ہے جس نے گھر بناتے وقت زمین گہری کھود کر چٹان کی بنیاد ڈالی۔جب طوفان آیا اور سیلاب اُس کے گھر سے ٹکرایا تو اُسے ہلا نہ سکا کیونکہ وہ مضبوط بنا ہوا تھا۔"

نجات سے متعلق پولس کی تعلیم کو یسوع کے کہنے پر قائم کیا گیا تھا جو کہ قابل حرکت نہیں ہے، کوئی مسئلہ نہیں جو انسان کا ایمان ہے، جیسے کہ،" ،" پس جو کوئی آدمیوں کے سامنے (جانب سے، پر، خلاف) میرا اقرار (اعلان) کرے گا میں بھی باپ کے سامنے (جانب سے، پر، خلاف) جو آسمان پر ہے اُس کا اقرار (اعلان) کرونگا۔"

یہاں آپ کی نجات سے متعلق خدا کے حصے کی جانب سے کوئی عدالت نہیں ہے۔خواہ آپ کا نام آسمان پر لکھا ہے، یا نہیں لکھا ہے۔صرف یسوع ایک ہے جو اسے یہاں لکھ سکتا ہے۔یہ دوسرے شخص کے لیے آپ کے منہ سے اقرار کرنے سے وسیلہ سے ہوتا ہے، نہ کہ اعمال کے وسیلہ سے۔اپنے اقرار میں، آپ اپنی قابلیت کو جانے دے رہے ہوتے ہیں، آدمیوں کے سامنے یہ قبول کرتے ہوئے کہ آپ اپنے آپ کو بچا نہیں سکتے۔خدا اپنے بیٹے کے وسیلہ سے راستہ بناتا ہے۔یسوع، اپنے طریقے سے، آسمان پر آپ کے لیے اِس حقیقت کو قائم کرتا ہے!

سچے اعتراف میں کیا ہے؟

سالوں قبل خداوند نے مجھے میرا پہلا کتابچہ لکھنے کو دیا۔اِس کتابچے میں خدانے مجھے دس چیزیں دیں جو کسی دوسرے شخص کے لیے ایمان کے سچے اقرار کے لیے ہیں۔اِس مضمون میں لفظ "کیوں" کی سمجھ ہے، کہ کیوں ایک شخص کی ابدی نجات کسی دوسرے شخص کے لیے ایمان کے اقرار میں حالتِ سکون میں ہوتی ہے اور مزید کچھ نہیں!

امثال 4 : 7

" حکمت افضل اصل ہے۔پس حکمت حاصل کر بلکہ اپنے تمام حاصلات سے فہم حاصل کر۔"

یہ ایک شاندار چیز ہے کہ جو خداوند کہتا ہے ہمیں دوسرے شخص کے سامنے اِس ایمان کا اقرار کرنا ہے۔پولس رومیوں 10 میں کہتا ہے کہ ہم راستبازی پر ایمان رکھتے ہیں اور نجات کا منہ سے اقرار کرتے ہیں۔یہ دکھاتا ہے کہ یہ کتنا آسان ہے اور عیاں کرتا ہے کہ خداوند ہم سے کتنی محبت رکھتا ہے۔

اگر میں آپ سے یہ سوال پوچھتا ہوں، " کیا آپ ایمان رکھتے ہیں کہ یسوع مسیح آپ کے گناہوں کے لیے مرا اور کہ خدا نے اُسے مرُدوں میں سے زندہ کیا؟" اور اگر آپ اپنے دل کے ساتھ اِس پر ایمان رکھتے ہیں، اور " ہاں " کے ساتھ جواب دیتے ہیں، پھر دس چیزیں، جو خدانے مجھے نیچے دی ہیں، وہ اِس " ہاں " میں ہیں۔

نمبر 1۔آپ قبول کر رہے ہیں جو خدا ہے، جو یسوع ہے، اور جو آپ ہیں۔

آپ یہ قبول کر چکے ہیں کہ خدانے اپنے بیٹے کو بھیجا اور یہ کہ ہم سب کو نجات کی ضرورت تھی، بالکل جیسے خدانے کہا ہم نے کیا۔

نمبر 2۔آپ اپنے ایمان کو آشکارہ کر رہے ہیں خدا میں آپ نہیں دیکھ سکتے۔

آپ دُنیا اور انسان کے لیے اُس کی نمائش کر رہے ہیں جو آپ کے دل میں ہے۔اُس کے لیے آپ کا اعلان جو آپ کے دل میں ہے یہ آپ کے ایمان کا عمل ہے۔

نمبر 3۔آپ قبول کر رہے ہیں کہ یہاں کوئی کام نہیں جسے آپ کر سکتے ہوں، صرف یسوع کا خون ہی گناہ کو ڈھانپتا ہے۔

آپ شاید اِسے سمجھتے ہیں یا نہیں، آپ کے ایسا بیان کرنے سے آپ یہ اعتراف کر رہے ہیں کہ صرف خدا ہی اپنے بیٹے کے وسیلہ آپ کو ابدی زندگی دیتا ہے۔

نمبر 4۔آپ اپنے گناہ آلود بیان کو قبول کر رہے ہیں۔

آپ شاید اِسے نہیں جانتے لیکن آپ تمام بنی نوع انسان کے سچے گناہ آلود بیان کو قبول کر رہے ہیں۔

نمبر 5۔آپ اُس ہر چیز کو قبول کر رہے ہیں جو خدانے کبھی کیا اور کہا یہ سچ ہے۔

کیا آپ اِسے قبول نہیں کر رہے کہ جو خدانے کہا جو باغ عدن میں رونما ہوا وہ سچ ہے؟ کیا آپ یہ نہیں مان رہے کہ خدا نے سدوم کو تباہ کیا؟ کیا آپ اِسے قبول نہیں کر رہے کہ خدانے اسرائیل کو مصر کی غلامی سے آزاد کیا اور یہ کہ اُس نے موسیٰ

کے ہاتھ سے سمندر کو دو حصے کیا؟ کیاآپ اِسے قبول نہیں کر رہے کہ خدا نے ہر چیز کو اپنے بیٹے کے لیے اور اُس کے وسیلہ سے خلق کیا؟ کیاآپ اِسے قبول نہیں کر رہے جو خدا نے یوناہ، ابراہام، ایوب، وغیرہ کے متعلق کہا اور کیا، یہ سچ ہے، خواہ آپ اِن تمام چیزوں کو قبول کرتے ہیں یا نہیں کرتے؟

نمبر 6۔آپ کی کمزوریاں اِس اقرار میں ہیں۔

کیاآپ اِسے قبول نہیں کر رہے ہیں کہ یہاں کچھ بھی تھا جسے انسان اپنے آپ کو بچانے کے لیے کر سکتا ہو؟

اِس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں میں محض آپ کے لیے اِس کی نشاندہی کروں گا کہ ایمان کا اقرار یا اعلان کرنا قبول کرنا ہے ، یہ کام نہیں جسے ہم کرتے ہیں۔ قبول کرنا کسی چیز کو ہونے دینا ہے جسے ہم رکھتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ہم زمین پر کسی دوسرے کے لیے اپنے اعتقاد کو قائم کرتے ہیں ہم قبول کر رہے ہوتے ہیں، ترک کر رہے ہوتے ہیں، رونما ہونے دے رہے ہوتے ہیں۔ یہ مُجھ پر بسا اوقات ثابت کر چُکا ہے کہ جب کسی شخص کی جانب سے ایمان کا اقرار کیا جا چُکا ہوتا ہے۔ بہت مرتبہ مافوق الفطرت " آرام " پر غور کیا گیا اور محسوس کیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ اب، جب میں آپ کو بتاتا ہوں کہ یسوع مسیح واحد سچے خدا کا اکلوتا بیٹا ہے، میں محض اُن الفاظ کو کہنے سے رہائی پاتا ہوں، کہ عجیب امن آتا ہے۔

نمبر 7۔اِس اقرار میں توبہ ہے۔

مجھے یاد ہے جب خدا مجھے اِس موضوع کے متعلق سکھا رہا تھا اُس نے کہا، روح کی چیزیں، " تُم میری قُربان گاہ پر کیا کر رہے ہو، جسے میرے بیٹے نے نہیں کیا؟ " میں آپ سے پوچھتا ہوں، " کہ آپ خدا کی قُربان گاہ پر کیا کریں گے یا آپ ابدی نجات کے متعلق خدا کی قُربان گاہ پر کسی اور کی راہنمائی کرنے کے لیے کیا کریں گے ، جو اُس کے اپنے بیٹے نے نہیں کیا؟ " یسوع نے اِس سب کُچھ کو ہماری خاطر صلیب پر کیا اور جس لمحے ہم " ایمان اور اقرار " کے اُس پار جاتے ہیں، جیسے پولس نے تعلیم دی، ہم اپنے ذاتی کاموں میں ہوتے ہیں۔

میرے پاس کچھ لوگ تھے جو کہتے تھے، " لیکن آپ کو نجات یافتہ بننے کے لیے توبہ کرنی ہے۔آپ کو سچا نادم ہونے والا دل رکھنا ہے، محض اقرار ہی نہیں کرنا ہے۔ " اچھا، " معافی " انسان کے اقرار میں ہوتی ہے اگر وہ سچے طور پر ایمان رکھتے ہیں جو اُنہیں کرنا چاہیے۔ صرف خدا جانتا ہے! **توبہ کا مطلب اُس عمل سے 180 درجے تک پیچھے ہٹ جانا** جو آپ موجودہ طور پر کر رہے ہیں اور ایمان رکھ رہے ہیں۔ ایک شخص کے دل میں وہ 180 درجے مڑتا ہے، ایمان نہ رکھنے سے یسوع مسیح پر نجات دہندہ کے طور پر ریمان رکھتے ہوئے، اور یہ دُنیا میں اُس اُس شخص کے ایمناکے اقرار وقت عیاں ہوتا یا قائم ہوتا ہے۔ توبہ کو عیاں کیا گیا!

کسی شخص کے لیے یہ **ممکن نہیں** ہے کہ وہ نادم دل کے بغیر یسوع کا **سچے طور پر اقرار** کرے اور ایمان رکھے۔ جس لمحے کوئی ایک سچے طور پر یہ سمجھتا ہے جو یسوع ہے، وہ اِس چیز کو محسوس کر لیتے ہیں کہ وہ گناہگار ہیں۔ وہ اپنے اندر اِس نقطے پر پہنچ چکے ہیں جہاں وہ محسوس کرتے ہیں کہ اُنہیں مدد کی ضرورت ہے اور یہاں صرف ایک ہے جو اُنہیں بچا سکتا ہے۔ اگر آپ ایک ایماندار ہیں، اُس وقت کے بارے سوچیے جب آپ نے درحقیقت ادراک کیا کہ جو یسوع درحقیقت ہے۔ کیا

آپ نے نہیں کیا،اِسے محسوس کرتے ہوئے،ایک نادم دل کو رکھتے ہوئے ؟ کیاآپ نے اپنے اندر نہیں کہاکہ،" اے خدا مُجھ گنہگار کو معاف کر؟" یہ کسی دن کسی بھی وقت ، کہیں بھی رونماہو سکتا تھا،اور یہ درجہ بدرجہ یافوراًرونماہو سکتا تھا۔

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہاں تبدیلی کانشان ہوناہے اوراُس نشان کواپنی طرز زندگی میں تبدیلی کے لیے رکھیے۔ایسے لوگ اعمال کے وسیلہ سے نجات میں ہیں۔یہاں تک کہ ہماری جانب سے دعاایک کام ہے اور ہماری طرف سے کی گی کوئی بھی کوشش کام کاایک حصہ ہے۔اسی لیے خدا ہم سے چاہتا تھا کہ ہم یہ سمجھیں کہ سچااقرار جانے دیناہے، **ہمارے گناہ آلود بیان کاداخلہ،نہ کہ کام**۔یہ ہمارے ہاتھ کو کنُڈی سے رہائی کی جدوجہد نہیں کرتا،ہم سادہ طرح آرام نہیں کرتے (جدوجہد نہیں کرتے) ہیں اور ایسارونماہوتاہے۔

ہم عہد کے وعدہ کے دورانیہ کے وسیلہ سے نجات یافتہ بنتے ہیں۔یسوع نے اُن وعدوں کو باندھا جب وہ یہاں تھااور وہ اُس کی موت پر قانونی طور پر قائم ہوئے۔*اُس نے ایسا کیا!* ہمارا قُربان گاہ پر ایسا کہنا کہ،" اے خدا مجھے معاف کر" روح کے ساتھ برتاو کرتاہے۔ہم اِس طریقہ کار کے ساتھ جواُس کی قُربان گاہ پر کرتے ہیں یہ ایک راست عمل ہے لیکن بائبل کہتی ہے کہ ہماری راستبازی کے اعمال خدا کی آنکھوں میں گندے غلیظ ہیں۔لوگ جو ایمان رکھنے اور اقرار کرنے کی بجائے تبدیلیوں کااصرار کرتے ہیں اور خدا کو بتارہے ہیں کہ اُس کے بیٹے نے صلیب پر نامکمل کام کیا۔اُس کے خون نے **ہمارے نجات یافتہ بننے کے بعد تبدیلی نہ ہونے کے گناہ کوڈھانپا!** یسوع نے مکمل کام کیاجب یہ ابدی زندگی کے لیے نجات تک آتاہے اور ہماری مستقبل کی ابدی زندگی *مکمل طور پر* اُس میں ہے،نہ کہ کسی چیز میں جو ہم کرتے ہیں!

اِس نقطے (نمبر 7) پر مباحثہ کانتیجہ اخذ کرتے ہوئے، **صرف ایک تبدیلی** جو خداوند " نجات سے ابدی زندگی " تک تقاضا کرتاہے یہ خالص اور راست تبدیلی ہے، **معافی روح القدس کی پیداوار ہے!** تبدیلی جو دل میں رونماہوتی ہے یہ اعتقاد نہ رکھنے والے سے،180 درجہ اعتقاد رکھنے کی جانب مڑرہی ہوتی ہے، **اور یہ معافی ہے۔اندرون میں، جو روح القدس ہمارے دلوں میں کرتاہے وہ یہ ہے کہ،" اے خدا، مجھے معاف کر!"** یہ روح القدس ہے جو مجرم ٹھہراتااور ہمارے دلوں میں سچائی کو آشکارہ کرتاہے جب یہ " نجات سے ابدی زندگی " تک آتی ہے!" ہمارے دلوں میں ایسا ایمان رکھنے کے وقت رونماہوتاہے اور ایساایک شخص کے دوسرے شخص کے ایمان کے اقرار کے لمحے عیاں ہوتا یا قائم ہوتاہے (ایساعہد کے طور پر صیحون میں قائم ہوتاہے) ۔

نمبر 8۔اِس اقرار میں فرمانبرداری ہو۔

جب آپ اپنے ایمان کاکسی دوسرے شخص کے لیے اعلان کرتے یاترک کرتے ہیں آپ آخر کاراُسے داخل کر چکے ہوتے ہیں جو خدا کہہ چُکااور کر چُکاہوتاہے۔

نمبر 9۔اِس اقرار میں ہر چیز جسے اب آپ رکھتے ہیں اور ہر چیز جسے آپ رکھیں گے اُسے عیاں کرنا۔

جب خدا نے یسوع کو دوزخ کے گڑھے سے زندہ کیا اُس نے بنی نوع انسان کے لیے ابدی زندگی کو زندہ کیا۔ صلیب سے پہلے یہ ممکن نہیں تھا۔ وفادار شہر (دُلہن) کا ذکر پُرانے عہد نامہ میں کیا گیا تھا لیکن ایسا مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے وقت ممکن ہوا۔ قیامت کے وقت آخری دن کے واقعیات ممکن ہوئے۔ میں آگے آگے بڑھ سکتا تھا۔ یہ سب کچھ اُس وقت صلیب پر رونما ہوا۔ جب ہم اپنے ایمان کو کسی دوسرے شخص کے لیے ظاہر کرتے ہیں ہم اُس ہر چیز کو قبول کر رہے ہوتے ہیں جو ہمارے پاس اب ہیں، ہماری کمزوریاں اور ناکامیاں۔ اگرچہ ہم اُس سب کچھ کو نہیں سمجھتے جو خدا ہمارے لیے منصوبہ بنا چُکا ہے، کیا ہم بھی اُس ہر چیز کو قبول نہیں کر رہے جو ہم ابدیت میں رکھیں گے؟

نمبر 10۔ اِس اقرار میں مثبت چلانا ہو۔

یہ شاید بہت عجیب چیز دکھائی دیتی ہے کہ خدا مجھے یہاں رکھ چُکا تھا۔ اُس نے ایسا کیا کیونکہ وہ ہر ایک سے چاہتا ہے کہ وہ سمجھے اور وہ یہ جانتا تھا کہ میں (ایک کسان ہوتے ہوئے) ہنرمندانہ چیزوں کو سمجھ چُکا تھا۔ زیادہ تر لوگ ایسا کرتے ہیں۔

رات کے رویا میں ایک بہت بڑے دریا پر تھا، دریا کے بالائی رُخ پر تیرتے ہوئے اِس کے آغاز (ابتدا) کی طرف جاتے ہوئے۔ میں نے ہنرمندانہ ایجادات (چیزوں) کے ساتھ مقابلہ کرنا جاری رکھا، گئیر کو اکٹھے پکڑتے ہوئے وغیرہ۔، اور چرخیوں کو اور بازوں کو اکٹھے بازوں کے ساتھ جکڑتے ہوئے۔ یہ سب ہنرمندانہ چیزیں، گئیر وغیرہ۔، باضابطہ تھے، حرکت کر رہے تھے جیسے اُنہیں دوسرے حصے کی جانب حرکت کرنی چاہیے۔ یہ ہنرمندانہ چیزیں سادہ طرح دریا میں نیچے کی طرف تیر رہی تھیں، باضابطہ طور پر اکٹھے کام کرتے ہوئے جیسے اُنہیں کرنا چاہیے۔ رویا میں، میں جانتا تھا کہ میں زندگی کے دریا پر بالائی رُخ پر جا رہا تھا جو خدا کے تخت سے بہتا ہے۔ تمام ہنرمندانہ چیزیں جنہیں میں نے تخت سے نیچے آتے دیکھا سب مثبت چلانے والی تھیں۔ **اگر آپ ایک حصے سے دوسرے حصے کی طرف جاتے ہیں تو اُس حصے کے لیے لازمی ہے کہ وہ آگے بڑھے۔**

اِسی لیے میں نجات کی "کاریگری" کے بارے بات کرتا ہوں۔ خداوند مجھ سے چاہتا تھا کہ میں متی 10 : 32 کو سمجھوں۔ "پس جو کوئی آدمیوں کے سامنے (جانب سے، پر، خلاف) میرا اقرار کرے گا میں بھی باپ کے سامنے (جانب سے، پر، خلاف) جو آسمان پر ہے اُس کا اقرار کرونگا۔"

یہ ضمانت ہے، مثبت طور پر چلانا ہے، واجب الوجود ہے، کہ جب ہم کسی دوسرے شخص کے لیے اقرار کرتے ہیں یہ یسوع کو آسمان پر تحریک دیتا ہے۔ پولس عموماً رومیوں 10 : 6 میں اِس کے ساتھ شروع کرتا ہے، ایسا کہتے ہوئے کہ ہم خداوند کو آمادہ کرتے ہیں! وہ پھر ہماری نجات کو دو مراحل پر مشتمل ہونے کو عیاں کرتا ہے، نہ کہ تین یا اِس سے زیادہ پر۔ یہ دو مراحل، راستبازی کے لیے ایمان رکھنا اور نجات کے لیے اقرار کرنا ہیں! **جب ہم ایسا کرتے ہیں ہم یسوع کو آمادہ کرتے ہیں جیسے متی 10 : 32 کہتی ہے!** یہ ایک وعدہ ہے!

خدا نے مجھے اِس حقیقت کو ایک شخص کے سیڑھی پر چڑھنے کے ذریعے دکھایا، روح کی چیزیں۔ سیڑھی زمین پر تھی اور آسمانوں تک، یا ابدیت تک پہنچتی تھی۔ میں نے اُس شخص کو زمین کو چھوڑنے کے لیے پہلا قدم لیتے ہوئے دیکھا جو وہ اپنے دائیں پاوں کو سیڑھی کے پہلے ڈنڈے پر رکھتے ہوئے کر رہا تھا۔ یہ ایمان رکھنے کا قدم ہے۔ دائیں کا مطلب روحانی اور بائیں کا مطلب جسمانی ہے پس یہ درست بیٹھتا ہے کیونکہ ایمان رکھنا ایک روحانی معاملہ ہے۔ **بہر حال، میں نے دیکھا کہ اُس آدمی سے زمین کو چھوڑنے کا اُس کا مقصد پورا نہ ہوا۔** وہ ابھی تک زمین پر تھا! میں نے پھر اُسے اپنی دائیں پاوں کی بجائے، بائیں پاوں کو بالکل اُسی سیڑھی کے ڈنڈے پر پاوں رکھتے ہوئے دیکھا۔ میں نے بہت واضح طور پر دیکھا کہ بائیں پاوں کی حرکت پر، جو اِس معاملے میں شخص کے جسمانی اقرار کے لیے ہے اِس نے اُس شخص کو اپنے رستے پر آسمان پر جانے کے لیے زمین کو مکمل طور پر چھوڑنے کی اجازت دی۔ میں نے دیکھا کہ ہمیشہ دو کو کسی شخص کے لیے درحقیقت زمین کو چھوڑنے کے لیے اکٹھے جانا ہوتا تھا۔ یہ عمل کے بغیر ایمان مردہ ہونے کی مانند، اکیلے ہونے کی مانند ہے۔ (یعقوب 2 : 17-20)۔

1980 میں روح القدس نے میرے ساتھ خدا کی شخصیت کے بارے بات کی تب پھر مجھے یہ سمجھنے کے قابل ہونا تھا کہ **خداوند نے یہ سب کچھ کیا۔** روح القدس نے کہا، " خداوند تیرا خدا باہمی معاہدہ کا خدا نہیں بلکہ **عہدوں کو خدا ہے۔"**

یہ اِس حقیقت کے لیے میرا تعارف تھا کہ ہم عہد کے وعدہ کے وسیلہ سے نجات یافتہ بنتے ہیں اور وہ شخص اپنے اندر اِس چیز کو نہیں رکھتا تھا کہ کیسے عہد کو باندھا گیا ہے، یا اِس میں کیسے داخل ہونا ہے، یا یہ کن چیزوں کا حامل ہے۔

اگر مجھے آپ کے ساتھ متفق ہونا تھا کہ ہر چیز جسے میں رکھتا ہوں یہ آپ کے لیے دستیاب ہو اور ہر چیز جسے آپ رکھتے ہیں یہ میرے لیے دستیاب ہو، پھر ہم باہمی معاہدہ کو رکھیں گے۔ ہم یہاں تک کہ اپنی زندگیوں کو ایک دوسرے کو دینے کے لیے راضی ہو سکتے تھے، وغیرہ۔ اگرچہ یہ سمجھ، کہ باہمی راضی نامہ دوطرفہ اور **توڑنے کے قابل ہے۔**

ابتدائی ایام میں، اگر ہمیں اکٹھے خاندان کا سربراہ ہونے کے طور پر خاندان کے سربراہ کے ساتھ اکٹھے عہد میں ہونا تھا، **ہمیں عہد باندھنے کے سواء کسی چیز پر راضی نہیں ہونا تھا!** یہ پہلے ہی سمجھا گیا تھا کہ جو عہد کا مطلب تھا: ہمیں ایک دوسرے کے لیے مرنا تھا اور ایک دوسرے کے خاندان کے لیے! اگر ہم میں سے ایک کو مرنا تھا، دوسرے کو اُس کام کو ختم کرنے کا پابند ہونا تھا جو اُس پہلے شخص نے شروع کیا تھا۔ مہارتیں جو میرے پاس ہیں جن کی آپ مالک نہیں ہیں یہ آپ کے لیے دستیاب ہیں اور مہارتیں جن کے آپ مالک ہیں جنہیں میں نہیں رکھتا میرے لیے دستیاب ہیں، اِس لیے نہیں کہ میں چاہتا ہوں بلکہ ضرورت کی وجہ سے ہیں۔ یہ سمجھا ہوا تھا کہ کوئی نہیں جانتا تھا کہ مستقبل میں کیا رونما ہو گا۔ عہد ناتوڑا جانے والا تھا، یہاں تک کہ اگر دونوں گروہ چاہتے ہوں!

خدا کے ساتھ اپنی حالت کو دیکھنے کے لیے، نئے پیدا ہوئے بچے کے والدین کو قیاس کیجیے۔ والدین اپنے بچے کے ساتھ اُسے اُس کی ضروریات مہیا کرنے کے عہد و پیماں میں ہوتے ہیں، سادہ طرح کیونکہ والدین بچے کو رکھتے تھے۔ بچے کے لیے عہد کے اصول وضوابط والدین کی طرف سے تجدید پسندی کے طور پر بنائے جاتے ہیں کیونکہ بچہ نہیں جانتا کہ اپسے کس چیز کی ضرورت ہے۔ وہ اپنے اندر کچھ نہیں رکھتا! بچہ اپنی ضروریات کے لیے مکمل طور پر اپنے والدین پر بھروسہ

رکھتا ہے، سادہ طرح اِس صورتِ حال کی وجہ سے (نہ کہ سمجھ کے بغیر) ۔والدین بچے کی محبت اور سمجھ کے ساتھ پرورش اور حوصلہ افزائی کرتے ہیں، یہ اُمید کرتے ہوئے کہ بچہ زندگی میں درست فیصلہ لے گا، جبکہ یہ سب کچھ جانتے ہوئے کہ بچے کی حرکات و سکنات اُس کی اپنی مرضی سے قابو میں رکھتی ہیں۔

عہد خدا کی شخصیت،اُس کے کردار کا حصہ ہے ! جب اُس نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا وہ اوپر بیان کئے گئے کے طور پر پہلے ہی انسان کے ساتھ عہد میں تھا۔ خدا نے باغ میں انسان کو اصول دیئے۔ انسان نے اصولوں کی پیروی نہ کرنے سے گناہ کیا، اور ابدی زندگی بسر کرنے کے قابل نہ ہوا جسے خدا نے اُس کے لیے بنایا تھا۔ کیونکہ خدا عہدوں کا خدا ہے، **اُس نے ضرورت کو دیکھا**، انسان کو باغ سے باہر نکالا اور اس کے ساتھ ایک نیا عہد باندھا کیونکہ صورتِ حال تبدیل ہو چکی تھی۔ عہد آگے آگے بڑھتے گئے جیسے ہی اُن کے اِسے لاگو کرنے کے لیے قانونی اور عمل پذیر ہونا تھا۔ آخری ہمیشہ کے عہد کو خالص، بے گناہ برتن کے ذریعہ سے قائم ہونا تھا کیونکہ خدا خالص اور بے خطا (پاک) ہے۔ خدا کو دُنیا کے گناہوں کو اپنے اوپر اُٹھانا تھا، کیونکہ انسان، کمزور اور اب غیر قانونی برتن ہے، وہ ایسا نہیں کر سکتا تھا۔ عہد ! یہ عہد کا وہ حصہ ہے جہاں ایک شخص دوسرے کے لیے ضرورت کے تحت آگے بڑھنے کی قابلیت رکھتا ہے، جو اِس قابلیت کو نہیں رکھتا۔ یہ سب کچھ انسان کے لیے خدا کے عہد اور محبت کی وجہ سے ہے۔ وہ عہدوں کو خدا ہے !

مہربانی سے یاد رکھیے، خدا تمام اصولوں کو انسان کی طرف سے بغیر کسی چیز کو شامل کیے بناتا ہے۔ خدا ہی ایک ہے جو جانتا تھا کہ آسمانی عدالتوں میں کھڑا ہونے کے لیے قانونی طور پر کیا رونما ہونا تھا، جب یہ بربادی یا موت سے آدمیوں کی نجات تک پہنچتا ہے ایسا باغ میں رونما ہوا۔ ہم انسان کے طور پر واقعی یہ دیکھنے کے قابل نہیں تھے **جو باغِ عدن میں رونما ہوا** کیونکہ ہم جو وہاں عدن کے باغ میں رونما ہوا اُس کے نتیجہ میں بہت دھندلا سا دیکھتے ہیں۔ یہ ہمیں منور کرنے کے لیے روح القدس کو لیتا ہے۔

یہ مجھے کسی اور چیز کے لیے لاتا ہے روح القدس نے مجھ سے کہا، روح کی چیزیں " تُم **ممکنہ طور پر** یسوع مسیح کی تعلیمات کو نہیں سمجھ سکتے ہو جب تک آپ یہ سمجھ نہیں لیتے جو باغِ عدن میں رونما ہوا" ۔ زور اس پر تھا، "" ممکنہ طور پر نہیں کر سکتے۔" میں اُن چیزوں میں سے ایک کو سمجھ چُکا ہوں جو باغِ عدن میں رونما ہوئیں یہ بنیادی " عہد " تھا ! اُس کی شخصیت میں ہونے کے عہد کے لیے خدا کا شُکر ہو !

ایک اور چیز روح القدس نے مُجھ سے خداوند کی شخصیت کے بارے کہی جو ہماری اِس سمجھ میں حصہ ڈالتی ہے کہ سچے اقرار ، روح کی چیزوں، میں کیا تھا، " خداوند تیرا خدا تنقیدی خدا نہیں بلکہ کامل سچائی کا خدا ہے۔" لفظ " کامل "پر مکمل زور دیتے ہوئے۔ ہمیں لازماً یہ سمجھنا ہے کہ خدا کامل ہے۔ **خدا انسان کے ادراک سے بالاتر کامل پاکیزگی ہے۔** وہ کامل سچائی، رحم، محبت، اور جلال کا خدا ہے۔ ہر چیز جو وہ کرتا ہے، جس میں راست عدالت شامل ہے، یہ کامل اور خالص ہے۔ اور خدا، اُس میں کامل طور پر خالص اور بے خطا ہوتے ہوئے جو باغِ عدن میں رونما ہوا، اُسے انسان کے چھٹکارے کے لیے، آسمانی عدالت میں کھڑا ہونے کے لیے کامل خالص اور " بے خطا" قُربانی اور ڈھانپنے کی ضرورت تھی۔

آپ کسی چیز کو کسی نجس چیز کے ساتھ پاک صاف نہیں کر سکتے۔ کیونکہ جو باغ میں انسان کے لیے رونما ہوا یہ انسان کے خون یا زمین پر انسان کی جانب سے پیدا کی گئی کسی بھی چیز (عمل) کے وسیلہ سے ممکن نہیں تھا، جیسے کہ گناہ ہر چیز میں داخل ہو چُکا تھا۔ اور اِس میں دعا شامل ہوتی ہے ! خدا ہماری دعاوں کو ناخالص دعائیں ہونے کے طور پر استعمال نہیں کر سکتا تھا۔ **اِسی لیے وہ عہد کو استعمال کرتا ہے !** خدا جانتا تھا کہ صرف ایک مکمل طور پر کامل اور خالص چیز اُس کا اپنا بیٹا تھا ۔ اور یہ خالص پن بھسم کرنے والی آگ بنتی ہے جب ناپاکی محکوم ہوئی ۔

جب میں نے خدا باپ کی آواز سُنی ، وہی آواز جسے موسیٰ نے سُنا ، وہی آواز جسے پہاڑ پر اسرائیل کی قوم نے سُنا ، میں نے سیکھا کہ خدا بھسم کرنے والی آگ ہے ۔ اِسی لیے اِس دن تک آپ ابھی تک دیکھ سکتے ہیں کہ پہاڑ جہاں خدا نے باپ کی وہ جلنے سے تھا ۔ (دیکھیے رون وائٹ ۔ آثارِ قدیمہ کی تحقیق) اِسی لیے میں نے تصدیق کی اگر ہم خدا کی آواز کو براہِ راست ہر وقت سُنتے ہیں ہم مریں گے ، اپنی ناپاکیوں کی وجہ سے بھسم ہوتے ہوئے۔ لنک۔

اِسے اکٹھا لاتے ہوئے ، ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ہم اپنی ابدی زندگی کی نجات کے لیے خدا کی مکمل کاملیت کی وجہ سے بلا شرکتِ غیر خدا پر انحصار کرتی ہے ، **نہ کہ ہمارے حصے کی کسی قابلیتوں یا کوششوں پر۔** خداوند اِسے صرف اپنے بیٹے کے وسیلہ سے کہتا ہے جہاں ہم نجات حاصل کر سکتے ہیں ۔ ہمارے اپنے کسی کام کے وسیلہ سے نہیں ! وہ غلط نہیں ہے ! خداوند عہدوں کا خدا ہے اور صرف ایک چیز جو ہم اِس عہد میں آنے کے لیے کر سکتے ہیں یہ ہمیں ہماری اپنی قابلیتیوں کو جانے دینااور خدا کے ساتھ عہد میں آنا ہے ، یہ قبول کرتے ہوئے کہ وہ اِس میں درست ہے "کہ ہمیں نجات دہندہ کی ضرورت تھی اور اُس نے ایک بھیجا ۔" ہم ایسا عہد کے وعدہ کے مطابق کیا ، کسی دوسرے شخص کے لیے ایمان رکھتے اور اقرار کرتے ہوئے ۔ یہ عیاں کرتا ہے کہ کیسے " یہ صرف ایمان " کے ذریعے سے ہے ۔ دوسرے شخص کے لیے آپ کے اقرار کی ایک وجہ یہ ہے" (الف) کیونکہ باغ میں انسان نے بھی انسان کے خلاف گناہ کیا ۔ یہ خدا کی راست عدالت کو عیاں کرتا ہے ۔ وہ راست خدا ہے ! (ب) یسوع نے کہا کہ جو کچھ تُم زمین پر باندھو یا کھولوگے وہ آسمان پر باندھا یا کھولا جاتا ہے ۔ یہ خدا کی دعا میں درست بیٹھتا ہے : " اے باپ ، ہمیں معاف کر جیسے ہم دوسروں کو معاف کرتے ہیں ۔" نمونہ زمین پر قائم کرنا ہے اور یہ آسمان پر قائم ہوتا ہے ۔ یہ بھی عیاں کرتا ہے کہ کیوں خداوند ایک دوسرے کے آگے اپنے قصوروں کا اقرار کرنے کے لیے کہتا ہے ۔ یہ محض خدا کا نمونہ ہے ۔ " یہ عہد ہے !"
کیونکہ جو باغ میں رونما ہوا یہ ایک گناہگار انسان کے طو ر پر ہمارے لیے ناممکن ہے کہ ہم کسی چیز کو پیدا کریں (دعا ، اپنی زندگیوں میں تبدیلیاں ، بپتسمے) جو ہمیں خدا کی پاکیزگی کی وجہ سے ابدی زندگی

حاصل کرنے کے قابل بنا سکیں۔ **ہمارے کسی قسم کے کاموں کی وجہ سے نہیں** ۔ اِسی لیے کلیسیائیں جو کسی کو سادہ طرح جہنم میں جانے کے لے کہتی ہیں کیونکہ اُنہوں نے نجات کے بعد گناہ کیا وہ کشتی کو کھو رہے ہیں ۔ وہ مکمل فضل کے ساتھ نہیں چل رہے ہیں اور درحقیقت **سزا کے گناہ کو سرزد کر رہے ہیں** ۔ "

بعض عزت اور بعض ذلت کے لیے۔

نجات یافتہ یا غیر نجات یافتہ

میرے ایک مبشرِ انجیل نے مجھے بتایا کہ چرچ کے ایک پاسٹر نے اُسے کہا کہ کیونکہ اُس نے زنا سرزد کیا تھا، وہ اپنی نجات کو کھو چُکا تھا اور اُسے جہنم میں جانا تھا۔ مجھے اِسے قائم کرنے دیجیے میں ایسا نہیں سکھاتا ہے کہ " ایک مرتبہ نجات یافتہ ہمیشہ نجات یافتہ ہوتا ہے" کیونکہ آپ اپنی نجات کو کھو سکتے ہیں، لیکن اِس طرح نہیں جیسے بہت سی کلیسیائیں سکھاتی ہیں۔ مجھے وضاحت کرنے دیجیے۔

خداوند نے مجھے ایک چھوٹے چرچ میں بولنے کے لیے بھیجا۔ میرا ارادہ نجات کی کاریگری پر بات کرنے کا تھا لیکن روح القدس نے میری پہلے کچھ سوالات پوچھنے میں راہنمائی کی، اور میں اُن کے جوابات سے ہکا بکا رہ گیا تھا۔

میں منبر پر کھڑا ہو گیا اور پوچھا، " اگر ایک آدمی اُن دروازوں سے داخل ہوا، اِس بغلی راستہ پر چلتے ہوئے، اور وہ کیا جو آپ کو نجات یافتہ بننے کے لیے کرنے کا تقاضا کرتا ہے، کیا وہ نجات یافتہ ہو گا؟"

اُنہوں نے اشارہ کیا" جی ہاں"

میں نے پوچھا،" اگر یہ شخص اگلے ہفتہ چرچ نہ آیا وہ تب بھی نجات یافتہ ہو گا؟"

اُنہوں نے کہا،" جی ہاں"۔

میں نے ہوچھا،" کیا اگر یہ شخص اگلا پورا ماہ چرچ نہ آیا؟"

اُنہوں نے اشارہ کیا،" جی ہاں" لیکن ہچکچاہٹ کے ساتھ۔

پھر میں نے پوچھا، اور کیا اگر وہ تین یا چھ ماہ تک واپس نہ لوٹا؟"

اُنہوں نے کہا" نہیں"

میں نے پوچھا، وہ محض اِس لیے نجات یافتہ نہیں ہے کیونکہ وہ واپس چرچ نہیں آیا؟" اُنہوں نے جواب دیا کہ وہ نجات یافتہ نہیں تھا کیونکہ وہ خدا کے ساتھ جاری نہ رہا۔

میں نے اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے کھڑا پایا جو جسمانی نجات سے کسی کی روحانی نجات سے الگ نہیں تھے۔ **اِن لوگوں نے کاموں کے وسیلہ جہنم سے نجات پر ایمان رکھا**۔ بائبل بیان کرتی ہے،

افسیوں 2 :

